© rasailojaraid.com

جناب شفیق الدین فاروقی

# دارالعلوم کے شب وروز

**وفاق المدارس العربیہ کا اجلاس کراچی:**

وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے عاملہ کا دو روزہ اجلاس صدر وفاق شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب مدظلہ کے عارضہ قلب و آپریشن کی وجہ سے جامعہ فاروقیہ فیز ۲ حب ریور روڈ کراچی میں مورخہ ۱۷۔۱۸ ؍جنوری ۲۰۱۰ء کو منعقد ہوا۔ وفاق کے مرکزی نائب صدر حضرت مولانا محمد انوار الحق صاحب اور عاملہ کے بیشتر ارکان نے شرکت کی۔ صدر محترم باوجود نقاہت وکمزوری کے دس بجے سے عشاء تک اجلاس کی صدارت کرتے رہے۔ اجلاس کے دوران نصاب کمیٹی کے مجوزہ تعلیم پر غور' درجہ موقوف علیہ کا آئندہ امتحان۔ ۱۴۳۰ھ کے میزانیہ کی منظوری اور ۱۴۳۱ھ کے مجوزہ بجٹ کی منظوری وغیرہ جیسے اہم مسائل پر بحث وغور کے بعد اہم فیصلے کئے گئے۔ ملکی مخدوش حالات اور مدارس کو درپیش مشکلات پر غور وفکر کے لئے ۱۸ ؍جنوری کے اجلاس میں بعض اہم اکابرین بزرگ اور علماء کو خصوصی طور پر مدعو کیا گیا۔ اسی سلسلہ میں عاملہ کے ارکان کے علاوہ شیخ الحدیث حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ اور کئی معزز اکابر علماء نے ملک کے گوشہ گوشہ سے شرکت کرکے متفقہ طور پر ان مشکلات کے سدباب کے لئے لائحہ عمل اختیار کرنے کے لئے کئی اہم فیصلے صادر فرمائے۔ جن کی اشاعت ملکی ذرائع ابلاغ میں ہو چکی ہے۔ ۱۸ ؍جنوری کو کراچی کے تمام مدارس دینیہ جو وفاق سے ملحق تھے' تقریباً ڈیڑھ ہزار مہتممین پر مشتمل اجلاس بعد از ظہر جامعہ فاروقیہ ہونا پہلے سے قرار پایا۔ صرف علماء پر مشتمل یہ اجتماع روح پرور منظر کشی کا حسین شاہکار تھا۔ اکابرین وفاق المدارس کے علاوہ شیخ الحدیث حضرت مولانا سمیع الحق صاحب' مہتمم جامعہ حقانیہ اور نائب مہتمم و نائب مرکزی صدر وفاق المدارس العربیہ پاکستان نے بھی اس عظیم دینی وعلمی مجمع سے خطاب کیا۔ کراچی سے کافی دور ایک غیر آباد علاقہ میں جامعہ فاروقیہ کے سرپرست اعلیٰ اور دیگر منتظمین نے جس شاندار انداز سے مہمانوں کی میزبانی کا حق ادا کیا۔ مختلف اجلاسوں میں شامل افراد جامعہ فاروقیہ کا شکریہ و داد تحسین کا اظہار کرتے رہے۔

**جمعیۃ کے صوبائی کنونشن سے حضرت مہتمم صاحب کا خطاب:**

(پشاور) جمعیت علماء اسلام کے سربراہ مولانا سمیع الحق نے کہا ہے کہ پاکستان کے تمام اداروں وسائل اور کوشش پر امریکی تسلط اور آزاد ملک کی آزادی طلب کئے جانے کے بعد ملک کے علماء مشائخ کو اس مسئلہ پر غور کرنا ہوگا کہ اس صورتحال میں یہ ملک دارالاسلام رہ سکا ہے یا دارالحرب بن چکا ہے۔ مولانا سمیع الحق یہاں پشاور کے ایک بڑے ہال

© rasailojaraid.com